Ombudsman
New South Wales

Urdu | اُردُو

کیا آپ کو نیوساؤتھ ویلز حکومت کی کسی خدمت یا کمیونٹی خدمت کے ساتھ کوئی مسئلہ درپیش ہے؟

تمام حکومتی اور کمیونٹی خدماتی اداروں کو چاہئے کہ وہ:

- آپ کا خوشدلی سے استقبال کریں
- آپ کے ساتھ احترام سے پیش آئیں
- آپ کے ساتھ دوسرے تمام لوگوں جیسا برتاؤ کریں
- مختلف ثقافتوں سے آگاہ ہوں
- آپ کو اپنے حقوق سمجھنے میں مدد دیں۔

آپ خدمات فراہم کرنے والے کسی ادارے کے خلاف شکایت کر سکتے ہیں۔

نیوساؤتھ ویلز محتسب

ہم یہاں نیوساؤتھ ویلز میں ہر ایک کی مدد کرنے کے لئے موجود ہیں۔
ہم چاہتے ہیں کہ ہر ایک سے منصفانہ برتاؤ کیا جائے۔
ہماری خدمات مفت ہیں۔

ہم سے رابطہ کریں

فون 02 9286 1000
ٹول فری 1800 451 524 سڈنی میٹروپولیٹن علاقے سے باہر - موبائل چارجز کا اطلاق ہو سکتا ہے۔

info@ombo.nsw.gov.au

نیشنل ریلے سروس 133 677

زبانی مترجم
مرحلہ 1: TIS کو 131 450 پر کال کریں
مرحلہ 2: نیوساؤتھ ویلز محتسب سے بات کرنے کا کہیں - 9286 1000

Interpreter

www.ombo.nsw.gov.au

ISBN: 978-1-925885-82-8

شاید آپ نے شکایت کرنے کی کوشش کی ہو۔ **لیکن** اس سے کچھ حاصل نہیں ہوا۔



کیا آپ سمجھتے ہیں کہ آپ سے غیرمنصفانہ انداز میں برتاؤ کیا گیا ہے؟

آپ نے مدد حاصل کرنے کی کوشش کی ہے، لیکن آپ:

- مسئلہ حل نہیں کر سکے
- مزید معلومات نہیں حاصل کر سکے
- اپنے حقوق کے بارے میں نہیں جان سکے۔

عملہ مدد کرنے میں دلچسپی نہیں رکھتا تھا، یا

- وہ آپ کے ساتھ عزت واحترام کے بجائے بدتمیزی سے پیش آیا
- اس کے پاس آپ کی زبان میں معلومات نہیں تھیں
- اس کے پاس زبانی مترجم نہیں تھا۔

نیوساؤتھ ویلز محتسب شاید مدد کر سکتا ہو۔

ہم درج ذیل میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں:

- خدمات فراہم کرنے والے ادارے کو خط بھیجنا
- رابطہ کرنے کے لئے درست شخص کو تلاش کرنا
- اس بات کا اظہار کرنا کہ آپ اپنی شکایت سے کیا نتیجہ حاصل کرنا چاہتے ہیں۔

ہم:

- آپ سے مسئلے کے بارے میں آپ کے پاس موجود کسی طرح کے کاغذات ہمراہ لانے کا کہہ سکتے ہیں، مثلاً آپ کی جانب سے خدمات فراہم کرنے والے ادارے کو لکھے گئے خطوط یا اس ادارے کی جانب سے آپ کو لکھے گئے خطوط
- خدمات فراہم کرنے والے اس ادارے سے بات کر سکتے ہیں جس کے ساتھ آپ کا مسئلہ ہے
- ان لوگوں سے بات کر سکتے ہیں جنہوں نے آپ کی مدد کی ہے۔

شاید دوسرے لوگوں کو بھی آپ جیسے مسائل درپیش ہوں۔ ہم خدمات فراہم کرنے والے اداروں کے ساتھ مل کر ہر ایک کے لیے خدمات کو بہتر بنانے کے لئے کام کرتے ہیں۔